# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 11 April-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۱/اپریل ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ انتخابی مواد پر پرنٹر اور ناشر سے متعلق معلومات واضح طور پر درج کرنے کی انتخابی کمیشن کی ہدایت۔

☆ انتخابی تشہیر میں تیزی؛ وزیرِ اعظم نریندر مودی کا رام ٹیک میں جلسۂ عام سے خطاب؛ مرکزی وزیر امت شاہ آج ناندیڑ کے نرسی میں کریں گے انتخابی جلسہ۔

☆ دالوں کے ہفتہ واری ذخیروں کی مقدار ظاہر کرنے اور اس کی تصدیق کرنے کی مرکزی حکومت کی ہدایت۔

☆ آج ہر طرف جوش و خروش کے ساتھ منائی جا رہی ہے عید الفطر۔

اور۔۔ ☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے انتخابات سے متعلق بیداری کیلئے مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مرکزی انتخابی کمیشن نے ہدایت دی ہے کہ انتخابی مواد پر پرنٹر اور ناشر کی معلومات واضح طور پر چھاپی جائے۔ کمیشن نے کہا ہے کہ یہ انتخابی مہم میں شفافیت اور اس کے اخراجات کے کُل حساب کتاب کیلئے ضروری ہے۔ پرنٹر اور ناشر کے نام اور پتے کے بغیر تشہیری مواد کی طباعت اور اشاعت ممنوع ہے۔

***** ***** *****

عام انتخابات کے پہلے مرحلے کی رائے دہی کیلئے صرف ہفتے بھر کا عرصہ بچا ہے۔ اس تناظر میں سیاسی جماعتوں نے انتخابی مہم تیز کر دی ہے۔ مختلف پارٹیوں کے Star Campaniers اپنے امیدواروں کی تشہیر کیلئے جلسے کر رہے ہیں۔ بی جے پی کے سینئر لیڈر اور وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کل ناگپور ضلع رام ٹیک میں انتخابی جلسہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ ان انتخابات میں ووٹنگ صرف پارلیمانی ممبران کو چننے کیلئے نہیں ملک کی ترقی کی بنیاد کو مضبوط کرنے کیلئے ہوگی۔ مودی نے کہا کہ دستور سے متعلق تمام پروپگنڈہ بے بنیاد ہے۔ وزیرِ اعظم نے بتایا کہ یہ انھیں کی حکومت تھی جس نے پورے ملک میں آئین کو نافذ کیا۔ مہایوتی نے رام ٹیک لوک سبھا حلقے سے شیوسینا کے راجو بروے کو امیدوار بنایا ہے۔ مہاوِکاس آگھاڑی نے کانگریس کے شیام کمار بروے کو جبکہ بہوجن سماج پارٹی نے سندیپ میشرام کو امیدواری دی ہے۔ بی ایس پی سربراہ مایاوتی آج سہ پہر تین بجے ناگپور میں اپنے امیدوار کی تشہیر کیلئے انتخابی مہم چلائیں گی۔

***** ***** *****

ناندیڑ سے مہایوتی کے امیدوار پرتاپ پاٹل چکھلیکر کی انتخابی تشہیر کیلئے بی جے پی کے سینئر قائد اور مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ کا مہاراشٹر میں پہلا انتخابی جلسہ آج ناندیڑ میں ہونے جا رہا ہے۔ نائیگاؤں تعلقے کے نرسی میں آج سہ پہر تین بجے یہ جلسہ ہوگا۔ اس جلسے کے کوآرڈینیٹر وشواس پاٹھک نے یہ اطلاع دی۔

***** ***** *****

کانگریس پارٹی کے قائدراہل گاندھی نے کہا ہے کہ اس بار کے عام انتخابات دراصل دونظریات کے درمیان کی لڑائی ہے۔سوشل میڈیا کے ذریعے کل ان کا یہ پیغام نشر کیا گیا۔انھوں نے کہا کہ کانگریس نے ہمیشہ ملک کو متحد رکھنے کی کوشش کی ہے۔راہل گاندھی نے الزام عائد کیا کہ دوسری جانب سے ملک کو ہمیشہ تقسیم کرنے کی کوشش کی گئی۔

***** ***** *****

راشٹر وادی کانگریس شرد پوار گروپ اور کانگریس پارٹی نے کل عام انتخابات کیلئے دو۔ دو امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا۔ راشٹر وادی نے ستارا سے ششی کانت شندے اور راویر سے شری رام پاٹل کو اپنا امیدوار بنایا‘ جبکہ کانگریس پارٹی نے دھولیہ سے شوبھا بچھاؤ اور جالنہ سے ڈاکٹر کلیان کالے کی امیدواری کا اعلان کیا۔ اسی طرح بھارتیہ جنتا پارٹی نے بھی کل چندی گڑھ‘ اُتر پردیش اور مغربی بنگال کیلئے 9 امیدواروں پر مشتمل دسویں فہرست جاری کر دی۔

***** ***** *****

رُکنِ اسمبلی وشوجیت کدم نے کہا ہے کہ مہاوِکاس آگھاڑی اپنے سانگلی کے امیدوار سے متعلق دوبارہ غور کرے۔ وہ کل پلوس میں صحافتی کانفرنس کے دوران بول رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ یہ نشست کانگریس کو ملنی چاہیے یہ سب کی خواہش ہے۔ تاہم یہ نشست اب شیوسینا اُدّھو بالا صاحب ٹھاکرے گروپ کو دی گئی ہے۔

***** ***** *****

رام ٹیک انتخابی حلقے سے کانگریس پارٹی کی جانب سے امیدواری داخل کرنے والی رشمی بروے کی درخواست کل سپریم کورٹ نے مسترد کر دی۔ ذات صداقت نامے کے مسئلے پر اُن کی اُمیدواری درخواست مسترد کر دی گئی تھی۔ جس کے خلاف انھوں نے بامبے ہائی کورٹ کی ناگپور بینچ میں مقدمہ دائر کیا تھا، جسے عدالت نے مسترد کر دیا تھا۔ ہائیکورٹ کے اس فیصلے کو انھوں نے سپریم کورٹ میں چیلنج کیا تاہم وہاں بھی ناکامی ہاتھ آئی۔

***** ***** *****

رائے دہی کیلئے انتخابی شناختی کارڈ کے علاوہ 12 دستاویزات قبول کیے جائیں گے۔ان میں آدھار کارڈ‘ بینک پاس بک‘ ڈرائیونگ لائسنس‘ پین کارڈ‘ کسی ادارے کی جانب سے جاری کردہ باتصویر شناختی کارڈ اور پاسپورٹ وغیرہ شامل ہے۔انتخابی دفاتر کی جانب سے رائے دہی سے کم از کم پانچ دِن قبل معلوماتی پرچیاں تقسیم کی جائیں گی۔انتخابی افسران کے رائے دہندگان سے اپیل کی ہے کہ وہ ووٹ ڈالنے جاتے وقت اپنے ساتھ فوٹو آئی ڈی اور معلوماتی پرچی ضرور ساتھ رکھیں۔

نشر***** ***** *****

مرکزی حکومت نے تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ ذخیرہ اندوزوں کے پاس موجود دالوں کے ہفتے واری ذخیروں کی مقدار ظاہر کریں اور اُس کی تصدیق کریں۔ اس کیلئے ویب سائٹ دستیاب کر دی گئی ہے، جس پر یہ معلومات درج کرنا ضروری ہے۔ وہیں مرکزی حکومت نے غلط معلومات فراہم کرنے والے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کا انتباہ دیا ہے۔ مرکزی حکومت نے بازار میں ذخیرہ اندوزی اور دالوں کی ہیرا پھیری کی روک تھام کی خاطر تور‘ اُڑد‘ چنا‘ مسور اور مونگ کی دالوں سمیت پیلے مٹر کے اسٹاک کو کنٹرول کرنے کی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

مہاتما جیوتی با پھلے کی سالگرہ کی مناسبت سے انھیں آج خراجِ عقیدت پیش کیا جارہا ہے۔اس کے پیشِ نظر کل چھتر پتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے ''مہاتما جیوتی با پھلے'ان کے سماجی کام اور دستورِ ہند کے تحت انتظامیہ''اس عنوان پر لیکچر کا انعقاد کیا گیا۔اسمارٹ سٹی کے ڈپٹی چیف ایگزیکٹیو افسر رویندر جوگدنڈ نے اس لیکچر سیریز کا کل پہلا لیکچر دیا۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن تحریک کے روحِ رواں منوج جرانگے پاٹل نے کل لاتور ضلع کے دیونی میں سکل مراٹھا سماج کی جانب سے منعقد کی گئی میٹنگ میں رہنمائی کی۔اس موقع پر انھوں نے انتباہ دیا کہ مراٹھا سماج کو او بی سی زمرے میں ریزرویشن دیا جائے ورنہ آئندہ 8 جون سے نارائن گڑھ پر بڑا آندولن شروع کیا جائیگا۔

***** ***** *****

آج ہر طرف عید الفطر جوش وخروش کے ساتھ منائی جارہی ہے۔رمضان المبارک کے مہینے بھر کے روزے رکھنے کی خوشی میں یہ عید منائی جاتی ہے۔اس مناسبت سے ریاست کے گورنر رمیش بیس نے عوام سے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔انھوں نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ عید ہر ایک کی زندگی میں خوشیاں' اچھی صحت اور خوشحالی لائے۔

عید کے پیشِ نظر گذشتہ روز بازاروں میں شہریان کا ہجوم نظر آیا۔لوگوں نے کل نئے کپڑوں' زیورات' گھر کی سجاوٹ کا سامان اور خشک میوہ جات کی خریدی کی۔چھتر پتی سمبھا جی نگر کی چھاؤنی عیدگاہ میں عید کی نماز صبح نو بجے ادا کی گئی۔

***** ***** *****

رائے دہی سے متعلق بیداری کی خاطر چھتر پتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن مختلف پروگرامس کا انعقاد کررہی ہے۔اس کے تحت کارپوریشن کے پریہ درشنی وِدّیالیہ سے ایک بیداری ریلی نکالی گئی۔اس جلوس میں کم وبیش دو ہزار طلباء وطالبات نے شرکت کی اور عوام سے ووٹ دینے کی اپیل کی۔اسی اسکول میں منعقدہ والدین کے اجتماع میں عثمان پورہ میونسپل اسکول کے طلباء نے اسٹریٹ پلے کا مظاہرہ کیا اور رائے دہی کی اپیل کی۔اسی طرح ہرسول میں بھی پرائمری اور ثانوی اسکول کے طلبہ نے عوامی بیداری کیلئے پھیری نکالی اور ''متدارا جاگا ہو'' کے نام سے نکڑ ناٹک پیش کیا۔

***** ***** *****

لوک سبھا انتخابات کی مناسبت سے انتخابی کمیشن کے خصوصی انسپکٹر دھرمیندر گنگوار اور این کے مشرا نے کل چھتر پتی سمبھا جی نگر میں چناؤ کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔اسی بیچ ضلع کلکٹر دلیپ سوامی نے کہا ہے کہ پیڈ نیوز ایک انتہائی حساس معاملہ ہے۔انھوں نے میڈیا سینٹر اور میڈیا کنٹرول اینڈ سرٹیفکیشن کمیٹی کو اس موضوع پر بھرپور توجہ دینے کی ہدایت دی۔

***** ***** *****

پربھنی لوک سبھا حلقے کے چیف انتخابی افسر کرشن کمار نرالہ نے کل اس حلقے کے انتخابی سب انسپکٹرس اور رائے دہی مراکز کے صدور کے ساتھ ایک جائزاتی میٹنگ کا انعقاد کیا۔اس موقع پر انتخابی عملے کو حساس اور انتہائی حساس رائے دہی مراکز پر درپیش مسائل کے حل کی تربیت دی گئی۔

***** ***** *****

بیڑ کلکٹر دفتر میں کل ووٹنگ مشینیں اور دیگر انتخابی سامان یکجا کیا گیا' جس کے بعد دو ہزار 824 بیلیٹ یونٹس' دو ہزار 824 کنٹرول یونٹس اور تین ہزار VVPAT59 مشینیں اسمبلی حلقوں میں تقسیم کی گئیں۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ انتخابی مواد پر پرنٹر اور ناشر سے متعلق معلومات واضح طور پر درج کرنے کی انتخابی کمیشن کی ہدایت۔

☆ انتخابی تشہیر میں تیزی؛ وزیرِ اعظم نریندر مودی کا رام ٹیک میں جلسۂ عام سے خطاب؛ مرکزی وزیر امت شاہ آج ناندیڑ کے نرسی میں کریں گے انتخابی جلسہ۔

☆ دالوں کے ہفتہ واری ذخیروں کی مقدار ظاہر کرنے اور اس کی تصدیق کرنے کی مرکزی حکومت کی ہدایت۔

☆ آج ہر طرف جوش و خروش کے ساتھ منائی جا رہی ہے عید الفطر۔

اور۔۔ ☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے انتخابات سے متعلق بیداری کیلئے مختلف پروگرامس کا انعقاد۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****